لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۹ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۵ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
۱	اضافہ ماسٹر ہائی اسکول	۱
۲	بابت ادخال زر مالگزاری	۲
۳	اضافہ عہدہ بخشیگری	۳
۴	اضافہ عہدہ داران خزانہ	۵
۵	نقشہ زرخانہ اجلاس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۱ دسمبر ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر، ماسٹر لاڈلے بہاری لال بی۔ اے۔ مدرس ریاضی ہائی اسکول کی موجودہ تنخواہ پر پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ گزر جانے مدت یکسال ۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۷ دسمبر سنہ ۱۹۲۴ء

دفعہ ۱۰۹ ۔ آئین حامدیہ میں صاف ہے کہ زر مالگزاری عموماً تحصیل متعلق میں داخل ہوا کرے۔ البتہ صدر مالگزاران جو دس ہزار تک کی مالگزاری رکھتے ہوں وہ خزانہ صدر میں زر مالگزاری داخل کر سکتے ہیں لیکن جبتک کہ وصلباقی نویس صدر کے بمنشاے دفعہ ۱۰۸ دستخط ثبت نہ ہوجائے داخلہ پر ہنوز خزانہ صدر میں داخلہ نہیں ہوگا۔ اور نہ دس ہزار سے کم کے مالگزاران بلاحصول اجازت صدر میں مالگزاری داخل کر سکتے ہیں جناب صاحب فائنشل سکریٹری بہادر کی تحریر ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۲۴ء کے ذریعہ سے جو رپورٹ ابلد موصول ہوئی ہے اُس سے اور رپورٹ وصلباقی نویس صدر مورخہ ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۲۴ء سے ظاہر ہے کہ تحصیلات کے بجائے خزانہ صدر میں اکثر مستاجران روپیہ داخل کرتے ہیں اور بلا تصدیق دستخط وصلباقی نویس بعرض ارسال خزانہ میں پہنچ جاتے ہیں جسکی وجہ سے بعد کو حسابی الجھنیں بھی پیدا ہو جاتی ہیں چونکہ انسداد اسکا ضرور ہے۔ اسلئے مناسب ہے کہ ذریعہ رسالدار مستاجران و اہلکاران سررشتہ رسالدار صدر کو اور ذریعہ دیوانصاحب صدر اہلکاران خزانہ صدر کو خصوصیت کے ساتھ مطلع کیا جائے کہ جبتک عرض ارسال پر تصدیق سررشتہ وصلباقی نویس صدر کی تکمیل نہ کرا لی جائے رقم سیاہہ نہ کیجائے۔ ایک نقل برائے اعلان عام بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو بھی بھیجی جائے۔ کوئی دس ہزار سے کم کا مالگذار بلا حصول اجازت اجلاس ہذا صدر میں مالگذاری داخل نہ کرے۔

حکم ہوا کہ

بصراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ تاکہ قانونی پابندی ہوتی رہے

[illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب یادداشت بخشی صاحب فوج سید ناصر علی ابلد بخشیگری کی موجودہ تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

۲۳ دسمبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب تحریر دیوانصاحب صدر شبیر علیخان و مہابیر پرشاد ابلدان خزانہ کی موجودہ تنخواہوں میں دو دو روپیہ اور منوہن لال کی تنخواہ میں چار روپیہ اور بھگوانداس کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلداللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے خود بھی خرید فرماکر پڑہیے اور احباب کو بھی دکھایئے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہے۔

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہے۔

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی مقامات میں ہے۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے علاوہ محصول ڈاک قیمت ۸/ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست بنام صاحب مہتمم کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمایئے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ۲۲ لغایت ۲۸ دسمبر ۱۹۱۲ء

نام جنس	تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۱۰۸	۱۰۸	۱۰	
نخود خالص				۸	۸	۸	
نخود کشتہ آمیز				۵	۰	۹	
گنہ				۸	۰	۹	
ماش				۷	۷	۷	
مونگ				۰	۰	۵	
مکا				۸	۱۰	۹	
جو				۸	۰	۱۱	
گوجئی					۰	۹	
مسور				۶	۰	۸	
ارہر				۰	۰	۸	
برنج				۵	۰	۲۰	
روغن زرد				۰	۰	۰	
روغن سیاہ				۱	۱	۱	
روغن کنجد				۸	۱	۱	
نمک سانبھر				۱۰	۱۰	۱۱	
نمک لاہوری				۵	۰	۸	
قند سیاہ				۲	۱۰	۶	
باجرہ				۸	۰	۱۰	